سوال

(159) غیر مسلموں کو صدقہ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا غیر مسلموں کو صدقہ دینا جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کافروں کو زکوۃ دینا تو جائز نہیں اور نفل صدقہ دینا مکروہ ہے کیونکہ اس طرح کفر پر ان کی عانت ہے اور فرمان باری تعالیٰ ہے :

وَلا تَعاوَنوا عَلَى الإِثمِ وَالعُدوانِ ٢ ... سورة المائدة

"اور گناہ اور ظلم کی باتوں میں ایک دوسرے کی مدد نہ کیا کرو۔"

لیکن اس طرح اگر غیر مسلم کے مسلمان ہونے کی امید ہو تو پھر اسے صدقہ دینے میں کوئی حرج نہیں اسی طرح اگر کافر کے بھوک سے مرنے کا ڈر ہو تو پھر بھی اس کی جان بچانے کے لئے اس پر صدقہ کرنا جائز ہے تاکہ اسے اسلام کی خوبیوں کا بھی پتہ چل جائے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38